# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/ 7047
Dated Peshawar, the 10 /04/2025

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 6TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 6th, 7th, 8th, 9th and 10th groups as at Annexure-II will be taken-up on 14th, 15th, 16th, 17th and 18th April 2025, respectively, for the 6th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-XI**

E. No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/ Dated ____ /04/2025

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Senior Private Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Assistant Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY**

**ANNEXURE-I**

**ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 6$^{TH}$ SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 6$^{th}$ | Monday 14$^{th}$ April, 2025 | • Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 7$^{th}$ | Tuesday 15$^{th}$ April, 2025 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development |
| 8$^{th}$ | Wednesday 16$^{th}$ April, 2025 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs<br>• Science & Technology and Information Technology |
| 9$^{th}$ | Thursday 17$^{th}$ April, 2025 | • Minerals Development<br>• Revenue & Estate<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Industries, Commerce & Technical Education |
| 10$^{th}$ | Friday 18$^{th}$ April, 2025 | • Finance<br>• Administration |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

چھٹے اجلاس کا چھٹا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 14 اپریل 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:28 AM - Wed
**Question # 708** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ دیر لوئر میں ڈگری کالج صدیر کلے جندول، کامرس کالج ولئی کنڈو اور گرلز ڈگری کالج پلو سو میں مختلف اساتذہ بشمول فزکس، کمسٹری، بیالوجی اور ہوم اکنامکس لیکچررز اور دیگر سٹاف کی آسامیاں خالی پڑی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے مذکورہ کالجوں میں ضروری سہولیات مثلاً بجلی، پانی، لیبارٹریوں اور کرسیوں کی کمی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ کالجوں میں اساتذہ و دیگر سٹاف کی خالی آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز ان کالجوں میں جن سہولیات کی کمی ہے ان کی فہرست بھی مہیا کی جائے

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:08 AM - Wed
**Question # 857** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ھری پور اور ضلع ایبٹ آباد میں بوائز اور گرلز پرائمری، مڈل و ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو!

(i) مذکورہ اضلاع میں کتنے اور کہاں کہاں بوائز اور گرلز پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں۔ تمام سکولوں میں بچوں اور بچیوں کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے۔

(ii) گزشتہ حکومت نے کتنے گرلز سکولز کہاں کہاں تعمیر کئے ہیں اور مذید کتنے سکولوں کی ضرورت ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:10 AM - Wed
**Question # 859** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت سکولوں کے طلباء و طالبات کو مفت کتب فراہم کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کتب فراہمی کا طریقہ کار کیا ہے نیز پرنٹنگ اور ترسیل پر سالانہ کتنا خرچہ آتا ہے۔ 2022 سے تا حال تمام اخراجات کی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:17 AM - Wed
**Question # 855** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری سکولوں کی مرمت اور رنگ و روغن پر حکومت سالانہ خطیر رقم خرچ کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں پر کس حساب سے رقم خرچ کی جاتی ہے؟ نیز رقم خرچ کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) اگر رقم کسی کمیٹی کے ذریعے خرچ کی جاتی ہے تو کمیٹی کن کن ممبران پر مشتمل ہوتی ہے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:18 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 852**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں ایسے سکول موجود ہیں جن کی تعمیر مکمل ہونے کے باوجود بھی ان میں تعلیمی سرگرمیاں شروع نہیں کی گئیں ؟

(ب)اگرالف کا جواب اثبات میں ہو توہزارہ ڈویژن میں مذکورہ سکولوں کی تعداد، مقام اور سکولوں پر صرف شُدہ رقم کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:45 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 838**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم میں کل کتنے Directors کام کررہے ہیں ؟

(ب)ضم اضلاع کے Director کی پوسٹ کتنے عرصے سے خالی ہے ؟اور اس پوسٹ پر کون کام کررہاہے ؟اس کی تعلیم قابلیت ،بنیادی سکیل عرصہ تعیناتی اور تعیناتی کی قانونی حیثیت بمعہ رولز فراہم کی جائے

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:52 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 824**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع باجوڑ میں موجودہ وقت سکولوں کی تعداد کتنی ہے ؟سکول کانام اور جگہ کانام بتایاجائے۔

(ب)مذکورہ سکولوں میں اساتذہ کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے۔

(ج)تمام سکولوں میں طلباء کی مکمل تعداد سکول وائز اور ٹوٹل فراہم کی جائے ؟

(د)موجودہ وقت تمام سکولوں میں خالی آسامیوں کی تعداد بمعہ کیٹگری فراہم کی جائے اور شرح خواندگی کا کیاتناسب ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:02 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 851**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)فاٹاانضمام کے بعد کل کتنے بیسک ایجوکیشن کیمونٹی سکولز فعال ہیں اور اس میں کل کتنے اساتذہ برسر روزگار ہیں ؟

(ب)کیاان اساتذہ کی تنخواہیں بروقت اداہوتی ہیں ؟

(ج)کیاان اساتذہ کی تنخواہیں کم از کم اجرت کے قانون کے مطابق اداہوتی ہیں ؟

(د) کیاان بیسک سکولز میں بنیادی سہولیات میسر ہیں جیساکہ فرنیچر،کتابیں، سٹیشنری میٹریل وغیرہ ؟

(ہ)اگر (الف)تا(د) کے جوابات اثبات میں ہوں توان مسائل کے حل کیلئے محکمہ کے پاس کیالائحہ عمل ہے اور اس پر کب عمل درآمد ہوگا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:03 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 723**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ شہید بینظیر بھٹو ویمن یونیورسٹی پشاور میں ٹیچنگ فیکلٹی موجود ہیں ؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)یونیورسٹی میں کل کتنا ٹیچنگ سٹاف ہیں ؟نام بمعہ عہدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)وزیٹنگ پروفیسر / لیکچررز، فکسڈ پے یاکنٹریکٹ پر یونیورسٹی میں کلاسسز لینے والے میل اور فی میل ملازمین کی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

چھٹے اجلاس کا ساتواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 15 اپریل 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:19 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 798**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا درست ہے کہ تمام اضلاع میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر (AD) محکمہ بلدیات کی نمائندگی کر رہا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اکثر اضلاع میں AD لوکل گورنمنٹ کی آسامیاں خالی ہیں اور جونیئر شخص کو AD کا اضافی چارج دیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) کن کن اضلاع میں AD کی آسامی خالی ہے؟ AD کا اضافی چارج کس کو دیا گیا ہے؟ اور کب تک AD کی آسامیوں کو پُر کیا جائے گا۔ ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:47 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 831**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ضم اضلاع کے مختلف سڑکوں کے منصوبوں کیلئے غیر ملکی قرضہ مختص کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کے زیر نگرانی کتنا غیر ملکی فنڈ کن کن ضم اضلاع کیلئے منظور ہوا تھا اور کہاں کہاں پر اور کس طریقہ کار کے تحت تاحال خرچ کیا گیا ہے اور کتنا فنڈ ابھی بھی موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع باجوڑ کیلئے کتنا فنڈ منظور ہوا تھا ان فنڈز سے ضلع باجوڑ میں جن سڑکوں کی تعمیر و مرمت کی گئی ہے ہر ایک کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:50 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 832**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے پاس سڑک کی تعمیر و مرمت کے معیار کو چیک کرنے کے لیے جدید، نئے الات اور روڈ ٹسٹینگ مشینری موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو مشینری کی فصیل اور گزشتہ (3) سالوں سے تاحال ان الات سے جتنے روڈ ٹیسٹ کئے گئے ہیں ان روڈز میں غیر معیاری (خراب) اور معیار روڈز کی تفصیل فراہم کی جائے نیز غیر معیاری (خراب) ثابت ہونے کی صورت میں جن جن لوگوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہیں ان تفصیل بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:12 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 940**
**Sent to Dept Date:** Apr 07, 2025 - Mon
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کی طرف سے ضلع پشاور کے تمام 13 حلقوں کے لیے ٹرانسفارمرز کی مرمت کی مد میں فی حلقہ ایک کروڑ روپے زیر نگرانی تحصیل اسسٹنٹ ڈائریکٹرز محکمہ بلدیات کو فراہم کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ ٹینڈرز کی کاپی، ٹینڈر کا طریقہ کار، مختص شدہ فنڈ کا طریقہ استعمال اور یہ کس طرح عوامی مفاد میں استعمال ہوگا۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ii) نیز مذکورہ فنڈ متعلقہ ایم۔پی۔اے یا چیئرمینوں کے ذریعے استعمال ہوگا؟ مکمل تفصیل بمعہ طریقہ کار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:24 AM - Thu
سوال نمبر **Question # 833**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زراعت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کی طرف سے پورے علاقے کے لئے صرف ایک ہی ڈائریکٹر کی آسامی ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع کوہستان میں محکمہ زراعت کا کوئی بھی دفتر نہیں ہے ؟ آیا بغیر دفاتر کے محکمہ زراعت کے سرکاری امور انجام دیئے جا سکتے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ضلع کوہستان میں ایک ڈائریکٹر کس طرح پورے ضلع کے امور چلا رہے ہیں؟

(ii) محکمہ زراعت ضلع کوہستان میں تمام ضروری دفتر کا قیام کب تک عمل میں لایا جائے گا اور ضروری سٹاف کی کمی کب تک پوری کی جائے گی؟

(iii) سال 2014 سے تا حال تمام (sanction posts) منظور شدہ آسامیوں میں سے خالی آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 09:39 AM - Fri
سوال نمبر **Question # 799**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور کی ترقی کے لیے ایک ادارہ پی ڈی اے کے نام سے موجود ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ادارہ پشاور میں رہائشی سکیموں کے بنانے کا بھی ذمہ دار ہے ؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ادارے کے ملازمین کو مختلف ترقیاتی سکیموں میں رہائشی پلاٹس بھی ملتے ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) حیات آباد اور ریگی ماڈل ٹاؤن میں PDA کے ملازمین کو جتنے پلاٹس اب تک ملے ہیں ان ملازمین کے نام، پلاٹس کے سائز اور پلاٹس کی لوکیشن کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ii) مذکورہ پلاٹس کی منتقلی پر ملازمین سے کتنی ادائیگیاں وصول کی گئی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 09:41 AM - Fri
سوال نمبر **Question # 782**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال 2018 سے لیکر 2022 تک پشاور کی خوبصورتی کی مد میں کوئی رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ مد میں کل کتنی رقم مختص کی گئی تھی اس رقم سے پشاور کی خوبصورتی کیلئے کون کونسے منصوبے پایا تکمیل تک پہنچے ہیں اور کتنے باقی ہیں؟

(ii) مکمل شدہ منصوبوں میں کتنی بچت ہوئی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ مکمل شدہ ہر ایک منصوبے کے پی سی ون، ٹینڈرز، ورک آرڈر اور تحریری مصدقہ دستاویزات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 09:42 AM - Fri
سوال نمبر **Question # 800**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ PDA نے پشاور میں ریگی ماڈل ٹاؤن کے نام سے ایک منصوبہ شروع کیا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ منصوبے کے پانچ زونز میں سے 3 زونز ابھی تک نامکمل ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ PDA پچھلے 25 سالوں سے سرکاری ملازمین اور عام لوگوں سے فائل کی ٹرانسفر پر فیس لے رہی ہے ؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو PDA نے سال 2010 سے جون 2022 تک 3 نامکمل زونز میں فائل کی ٹرانسفر پر کتنی رقم وصول کی ہے۔ سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 09:43 AM - Fri
**Question # 783 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پی ڈی اے کے زیر ملکیت پشاور میں کل کتنے پلازے ہیں؟

(ب) ہر پلازے میں کتنے فلور ہیں اور ہر فلور میں کل کتنی دوکانیں ہیں؟

(ج) ہر دوکان کا کرایہ، دوکان دار کا نام، پتہ اور اس دوکان میں کیا کاروبار کر رہا ہیں تفصیل فراہم کی جائے

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

چھٹے اجلاس کا آٹھواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

### جو کہ 16 اپریل 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:20 AM - Wed
سوال نمبر **Question # 699**
**Sent to Dept Date:** Mar 21, 2025 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر دیر میں تیمر گرہ میڈیکل کالج موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ میڈیکل کالج کب تعمیر کیا گیا؟ اس میں منظور شدہ آسامیوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور موجودہ وقت میں کتنا عملہ تعنیات ہے اور کون کون سی آسامیوں پر کام کر رہا ہے؟ کلاس فور سے لیکر پرنسپل تک تمام آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ کالج میں کون کون سی اور کتنی آسامیاں خالی ہیں؟ سٹاف کی کمی کو کب تک پورا کیا جائے گا۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ کالج کے موجود سٹاف نے گزشتہ 5 سالوں میں کتنی کتنی تنخواہیں لیں ہیں؟ سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv) کالج میں اس وقت طلباء و طالبات کی تعداد کتنی ہے؟ گزشتہ 5 سالوں کی سال وائز اور کلاس وائز تعداد فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:21 AM - Wed
سوال نمبر **Question # 776**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر کھیل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کھیل، کھیلوں سے وابستہ ایسوسی ایشنز کو فنڈز جاری کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 2018 سے اب تک کن کن ایسوسی ایشنز کو کتنا کتنا فنڈز جاری کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:22 AM - Wed
سوال نمبر **Question # 835**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے ملازمین کے لیے ریگولرائزیشن آف سروسز ایکٹ 2021 اور 2022 جاری کیے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ ایکٹ کے تحت محکمہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ملازمین کے لیے جو سروس رولز / کیڈر تیار کیے ہیں؟ ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اگر تاحال ان پر عمل درآمد نہیں ہوا تو اس کا ذمہ دار کون ہے؟ اور ان کے خلاف کیا کاروائی کی گئی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:23 AM - Wed
سوال نمبر **Question # 698**
**Sent to Dept Date:** Mar 21, 2025 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی گریڈ 20 اور گریڈ 21 کے پراونشل مینجمنٹ کیڈر کے افسران کو ٹریننگ دیتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ صحت کی طرف سے تاحال ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی کو مذکورہ افسران کی ٹریننگ شروع کرنے کی اجازت نہیں دی گئی؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو فنڈز ریلیز ہونے کے باوجود ڈی جی، پراونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی نے مذکورہ افسران کی ٹریننگ شروع کیوں نہیں کی؟ اس کا ذمہ دار کون ہے؟ ٹریننگ کب تک شروع کی جائے گی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:09 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 858**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ۔

(الف)آیایہ درست ہے کہ لیڈیز کانسٹیبل عموماً12تا18 گھنٹےڈیوٹی سرانجام دیتی ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ 12تا18 گھنٹےڈیوٹی کرنے کے باوجودان کواورٹائم نہیں دیاجاتا؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ ڈیوٹی ختم کرنے کے بعدرات کولیڈیز کانسٹیل اکیلے جانے پر مجبور ہوتی ہیں کیونکہ محکمہ کی طرف سے ان کوگھرچھوڑنے کی سہولت میسر نہیں ہے۔

(د) اگر(الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں توآیاحکومت لیڈی کانسٹیبلز کواورٹائم دینے، گھرچھوڑنے کی سہولت فراہم کرنےاورڈیوٹی کے اوقات کار میں کمی کرنے کاارادہ رکھتی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:15 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 701**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ادویات کی جانچ پڑتال کیلئےDrug Regulatory Authorityکاقیام عمل میں لایا گیاہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوپشاور سمیت صوبے کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں جعلی ادویات فروخت ہورہی ہیں اور بعض ادویات کواصل قیمت سے زیادہ میں فروخت کیاجارہاہے جعلی ادویات کی روک تھام کیلئے محکمہ نے کیااقدامات کیے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:19 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 702**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیالشمینیابیماری کاعلاج انصاف کارڈمیں شامل ہے؟

(ب)مذکورہ بیماری کے علاج میں استعمال ہونے والی ادویات سرکاری ہسپتالوں اور عام مارکیٹ میں دستیاب ہیں؟اس کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:20 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 696**
**Sent to Dept Date:** Mar 21, 2025 - Fri
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ صحت نے سوشل ہیلتھ پروٹیکشن انیشیٹیو کے نام سے پروگرام شروع کیاہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:۔

(i)مذکورہ پروگرام کب شروع کیاگیاہے؟اس کے اغراض ومقاصد کیاہیں؟

(ii)مذکورہ پروگرام کے لئے فنڈز کہاں سے مہیاکیاجاتاہے؟

(iii)مذکورہ پروگرام کوچلانے کیلئے کتناسٹاف / عملہ کام کررہاہے ان کی تنخواہیں کتنی ہیں؟

(iv) مذکورہ پروگرام سے اب تک کتنی کامیابی حاصل ہوئی ہے مکمل تفصیل بمہ دستاویزات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:54 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 917**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)موجودہ وقت میں صوبے میں کل کتنے ایڈمنسٹریٹوآفیسرز، سیکرٹریز،اے سی ایس، گریڈ20اوراس سے اوپر کے افسران کام کررہے ہیں؟ان افسران کی تفصیل فراہم کی جائے۔مزید براں، سال2023ء سے تاحال کتنے افسران کواوایس ڈی(OSD)بنایاگیاہے؟ان افسران کے نام، تعلیمی قابلیت،اوایس ڈی بنانے کی تاریخ اوراس کی وجوہات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:56 AM - Wed
**Question # 820 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ 5 سالوں کے دوران صوبے کے بہتر مفادات کی خاطر کتنے منصوبے زیر غور ہیں؟اور کتنے منصوبوں پر کام شروع کیا گیا ہے؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں میں نئی اور جاری منصوبوں کی مکمل تفصیل بمعہ تخمینہ لاگت فراہم کی جائیں۔

(ج) نیز ضم اضلاع اور خصوصاً باجوڑ کی بھی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:57 AM - Wed
**Question # 823 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ دو سالوں سے کتنے فوجداری قانون اور فوجداری مقدمات کے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں؟ مذکورہ مقدمات پر تاحال کتنی اور کیا کاروائی ہوئی؟

(ب) پٹرولیم دھماکہ خیز مواد کے کنٹرول کیلئے کیا لائحہ عمل بنایا گیا ہے اور مجرمانہ رپورٹس کی کیا صورتحال ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:58 AM - Wed
**Question # 826 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کی مختلف جیلوں میں معذور اور ذہنی مریض قیدی بھی موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین سالوں کے دوران کتنے مریض، معذور اور ذہنی مریض کون کون سی جیلوں میں موجود ہیں؟اور ان قیدیوں پر تین سالوں کے دوران کون کون سی مد کتنا خرچ ہوا ہے؟

(ii) صوبے کی ہر جیل میں قیدیوں کیلئے کتنی گنجائش ہے اور اس وقت قیدیوں کی تعداد ہر جیل میں کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:59 AM - Wed
**Question # 939 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر کھیل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ.

آیا یہ دورست ہے کہ حکومت ہر سال کھیلوں کی فروغ وترقی کیلے مختلف منصوبے بناتی ہیں۔

اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو۔ تو حکومت نے گذشتہ 3 سالوں میں کل کتنے منصوبے بنائے ہیں۔ان میں کتنے مکمل ہوے ہیں اور کتنے منصوبے زیر تعمیر ہیں۔ مکمل تفصل فراہم کی جاہیں۔ نیز مکمل شدہ منصوبوں پر کل کتنا حرچہ آیا ہیں۔اس کی الگ تفصل فراہم کی جاہیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

چھٹے اجلاس کا نوواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 17 اپریل 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 09:57 AM - Wed
سوال نمبر **Question # 875**
**Sent to Dept Date:** Apr 07, 2025 - Mon
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں چھوٹے اور بڑے صنعتی زونز موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے میں کتنے چھوٹے اور بڑے صنعتی یونٹس ہیں؟ ہر صنعتی یونٹ کا ضلع وائز تفصیل فراہم کریں نیز کتنے چھوٹے اور بڑے صنعتی یونٹ بند ہیں اور حکومت ان یونٹس کو چالو کرنے کیلئے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے؟

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:02 AM - Wed
سوال نمبر **Question # 872**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ذخیرہ اندوزی (Black Marketing) کے تحت جرم کرنے والوں سے کتنا جرمانہ وصول کیا گیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:41 AM - Wed
سوال نمبر **Question # 863**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صنعت کے میدان میں نئے نئے منصوبہ بندیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین (3) سالوں کے دوران کیا کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے؟

(ii) کون کون سے صنعت اور صنعتی تحقیق، تجارت اور سروے کی گئی ہے۔ موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:42 AM - Wed
سوال نمبر **Question # 819**
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2025 - Thu
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی کو روکنے کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں تو کمیٹی کی مکمل تفصیل بمعہ کارکردگی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 19, 2025 -- 10:46 AM - Wed
سوال نمبر **Question # 821**
**Sent to Dept Date:**
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے نئے ضم اضلاع میں مختلف طریقوں سے تکنیکی اور فنی تعلیم کی سرگرمیاں شروع کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تمام نئے ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کی کارکردگی کی تفصیل اور خصوصاً باجوڑ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:23 AM - Thu
**Question # 866 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کوہستان تحصیل پٹن میں محکمہ ہذا کی زیر نگرانی کتنے سنٹرز موجود ہیں اور کتنے Tevta کے ماتحت کام کر رہے ہیں؟

(ب) مذکورہ سنٹرز کہاں کہاں پر کام کر رہے ہیں اور ان سنٹرز میں کتنا سٹاف ہے اور کہاں کہاں تعینات ہے اور کون کون سی پوسٹ پر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں؟

(ج) نیز محکمہ ہذا کی زیر نگرانی لوئر کوہستان خصوصاً پٹن میں فعال اور غیر فعال دفاتر / سنٹرز کی تفصیل بمعہ غیر فعال دفاتر / سنٹرز کی وجوہات اور یہ کب تک فعال ہوں گے ؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:25 AM - Thu
**Question # 748 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مال ازراہ کرم اشاد فرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل بنکھڑ رنولیہ کو تحصیل کا درجہ کب دیا گیا؟

(ب) مذکورہ تحصیل میں انتظامیہ کے دفاتر کا کام تاحال کیوں عمل میں نہیں لایا گیا ہے۔ وجوہات بیان کیے جائیں۔

(ج) اگر تحصیل ہذا میں انتظامیہ کی دفاتر موجود ہیں تو ان میں فعال اور غیر فعال دفاتر کی تعداد بتائی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:35 AM - Thu
**Question # 726 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 24, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبکاری، محاصل اور انسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ہذا نے گذشتہ تین سالوں میں کتنی گاڑیاں رجسٹر کی ہیں اور اس ضمن میں کتنی فیس وصول کی گئی ہے؟ اس کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 10:41 AM - Thu
**Question # 727 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 24, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبکاریِ محاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائز کے پاس جن گاڑیوں کی رجسٹریشن کے لئے درخواستیں دی جاتی ہیں ان گاڑیوں کے کاغذات کی ویری فیکیشن کسٹم اتھارٹی سے کییئے جاتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ ویری فیکیشن کا طریقہ کار کیا ہے؟ گزشتہ 2 سالوں میں کتنی گاڑیوں کی ویری فیکیشن، جسٹریشن اور خط وکتابت ہوئی ہے؟

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 09:56 AM - Fri
**Question # 761 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 27, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 600 چالو لیزوں کے ساتھ رائلٹی، آکشن وفیسوں سمیت محکمہ ہذا کی سالانہ ریونیو تقریباً 07 ارب روپے ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ اگر ان بند 3200 لیزوں کے شروع کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے تو صوبے کے سالانہ ریونیو میں کتنا اضافہ ممکن ہوگا؟ نیز ان 3200 لیزوں کو شروع کرنے سے تقریباً کتنے لوگوں کو روزگار مل سکتا ہے؟

(ii) کیا محکمہ ہذا ایسی بند لیزوں پر بھی سالانہ ایڈوانس اینول رینٹ لینے کا پابند ہے؟

(iii)، اور یہ کہ ایڈوانس اینول رینٹ لیٹ ہونے پر ماہانہ کتنا جرمانہ وصول کرتے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 09:57 AM - Fri
**سوال نمبر Question # 762**
**Sent to Dept Date:** Mar 27, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں فیس سٹرکچر وریگولیشن کے لئے MIFA (منرلز انوسٹمنٹ فسیلیٹیشن اتھارٹی) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کو جواب اثبات میں ہو تو

(i MIFA) کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا ہے؟ جبکہ اس سے پہلے MIFA کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا تھا؟

(ii) اگر منرلز ایکٹ 2017 اور موجودہ منرلز ایکٹ کے MIFA کے ڈھانچے میں فرق ہے تو عوامی نمائندوں بشمول لیز ہولڈرز کی نمائندوں کو کیوں نکالا گیا ہے؟

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 10:29 AM - Fri
**سوال نمبر Question # 785**
**Sent to Dept Date:** Mar 27, 2025 - Thu
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے موضع درابن کی زمین دو اقسام یعنی قابل کاشت اور غیر ممکن پہاڑ پر مشتمل ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا دونوں اقسام میں KPEZDMC کی ملکیت موجود ہیں۔

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو اس تقسیم میں KPEZDMC کو کس قانون کے تحت تمام قابل کاشت زمین دی گئی ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

چھٹے اجلاس کا دسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

## جو کہ 18 اپریل 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 11:09 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 932**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں محکمہ اینٹی کرپشن کا ادارہ موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس کا کردار، کام اور ذمہ داریاں کیا ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Mar 20, 2025 -- 11:10 AM - Thu
**سوال نمبر Question # 933**
**Sent to Dept Date:** Apr 04, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ 2 سالوں میں محکمہ اینٹی کرپشن کو کتنی شکایات موصول ہوئی، ان میں سے کتنے کیس درج اور کتنے کیسوں کی انویسٹیگیشن وانکوائریاں ہوئیں؟ تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) درج کئے گئے کیسز میں کتنے کیسز میں سزائیں سنائی گئیں، خارج شدہ اور زیر التوا کیسز سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 21, 2025 -- 10:43 AM - Fri
**سوال نمبر Question # 765**
**Sent to Dept Date:** Mar 26, 2025 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت مختلف اداروں کو Grant in Aid کی شکل میں امداد فراہم کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبائی حکومت نے سال 14-2013 سے لیکر دسمبر 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کو Grant in Aid کی مد میں کتنی رقم مہیا کی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے.